# مجلسِ طبی علاج کے

# 25 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# "اے طبیب جلد آنا مدنی مدینے والے" کے 25 حروف کی نسبت سے مجلس طِبی علاج کے 25 مَدَنی پھول

## فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

جن اداروں میں ملازمین کو **علاج کی مُفت سہولتیں** فراہم کی جاتی ہیں، ان میں جھوٹے بہانوں سے دوا حاصل کرنا، اپنا نام لکھوا یا بتا کر کسی دُوسرے کے لیے نکلوا لینا وغیرہ حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، ایسوں کے ساتھ جان بوجھ کر تعاون کرنے والا بھی **گنہگار** ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے **عمل** سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے ہر ذمہ دار **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ "**72 مدنی انعامات**" میں سے "**مدنی انعام نمبر 1**" پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: "میں اللہ عزّوجلّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے "**مجلس طبی علاج**" کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزّوجلّ۔"

﴿2﴾ بیماری کوئی بھی ہو یا وِلادت کی ترکیب ہو، ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ **بالخصوص تعویذاتِ عطاریہ** بھی اِستعمال کیجئے، وقتاً فوقتاً کاٹ بھی کرواتے رہیئے، **نیز تعویذاتِ عطاریہ** سے **پلیٹوں** کا کورس بھی کیجئے، ان شاءاللہ عزوجل بیماری دُور اور شفا حاصل ہوگی۔

﴿3﴾ **مجلس طبی علاج** کے تمام اسلامی بھائی، طبی علاج کروانے کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے **مکتبۃ المدینہ** کی مندرجہ ذیل کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے: "حلال طریقے سے کمانے کے 50 مَدَنی پھول، گھریلو علاج اور چالیس روحانی علاج" (از امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ)"، **بہارِ شریعت** (جلد 1 حصہ 4 سے عیادت کا بیان، جلد 3، حصہ 16 سے علاج کا بیان مطبوعہ مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ، کراچی) **نیز** "دارالافتاء اہلسنّت" سے رہنمائی لیتے رہیں۔

﴿4﴾ **مجلس کے طے شدہ کام**: شرائط کے حامل اجیروں کا (طے شدہ پالیسی کے تحت) **علاج** کروانا، انکے **کوائف** (Data) جمع کرنا، اجیروں کی **ماہانہ کارکردگی** اَپ ڈیٹ کرنا، علاج کے لئے **اہلِ محبت ڈاکٹروں** کی تفصیلات جمع کرنا، ان سے **ملاقات** کرنا، **علاج کارڈ** بنوانا، اعتکاف اور دیگر تربیتی اجتماع، تنظیمی اعراس کے موقع پر طبی علاج کا بستہ لگانا۔

www.dawateislami.net

# علاج کی طے شدہ شرائط وضاحت کے ساتھ یہ ہیں۔

﴿۱﴾ **اجتماع میں شرکت**: بعض اجیر اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع میں رسماً شرکت کر کے حاضری ظاہر کرتے ہیں، اس کا اگرچہ ممتاز انداز یہی ہے کہ مغرب تا اشراق و چاشت تک حاضری ہو، تاہم کم از کم عرفاً جو ہفتہ وار اجتماع کی حاضری کہی جاتی ہے، جیسے بیان، ذکر و دعا اور انفرادی کوشش اور حلقوں میں شرکت پر عمل ہو، اور شعبہ ذمہ دار بھی کم از کم اس طرح کی شرکت ہونے پر ہی عمل تصور کرے، اور باپا کی خواہش کے مطابق مغرب تا اشراق و چاشت تک کی حاضری کی سعادت کی بھی کوشش کرے۔ عشاء کے بعد آنا، یا حلقوں سے پہلے چلے جانا یا دوران اجتماع اپنے مکتب کے کاموں میں مصروف رہنے کو اجتماع میں حاضری تصور نہ کیا جائے،

﴿۲﴾ **مدنی قافلہ**: بعض اوقات اجیر مدنی قافلے میں جمعہ کی نماز پڑھ کر یا پڑھا کے شرکت کرتے ہیں، دوران مدنی قافلہ رات گھر چلے جاتے ہیں، اتوار ظہر کے بعد ہی واپس چلے آتے ہیں، گھر سے قریبی قافلے میں سفر کے دوران گھر آنا جانا لگا رہتا ہے، اجیر اسلامی بھائی ایسا نہ کریں بلکہ باپا کے فرمان کے مطابق 3 دن یعنی مکمل 72 گھنٹے کا مدنی قافلہ کریں، تاہم عرفاً صبح بعد اشراق و چاشت روانگی اور تیسرے دن عشاء کی نماز کے بعد واپسی کی ترکیب ہو، اور عرف سے ہٹ کر عمل کو مدنی قافلے میں شرکت نہ مانا جائے۔

﴿۳﴾ **مدنی حلیہ**: داڑھی، زلفیں، سر پر سبز عمامہ شریف (سبز رنگ، گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) کلی والا سفید کرتا، سنت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اوپر، نیز سر پر سفید چادر، اور مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے پردے میں پردہ کرنے کیلئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ۔ بعض اوقات اجیر دعوتوں یا مختلف مواقع پر رنگین لباس یا ٹوپی میں ہوتے ہیں، اس طرح کرنے والے اجیروں کا مدنی حلیہ کی شرط پر عمل نہ مانا جائے۔

﴿٤﴾ **فکر مدینہ اور مدنی انعامات کا رسالہ جمع کرانا**: بعض اجیر اکثر ایام فکر مدینہ نہیں کرتے اور نہ ہی مدنی انعامات کا رسالہ جمع کراتے ہیں، یا آخری دن یکمشت سارے ماہ کی فکر مدینہ کر کے رسالہ جمع کراتے ہیں، باپا کی خواہش ہے کہ روزانہ فکر مدینہ کی جائے اور مدنی ماہ کے ابتدائی ایام میں رسالہ جمع کروایا جائے، کم از کم 16 دن باقاعدہ فکر مدینہ کرنے اور مدنی ماہ کے شروع میں رسالہ جمع کروانے پر ہی شرط پر عمل مانا جائے۔

﴿۵﴾ **نوٹ**: (دارالافتاء کی طرف سے عطا کئے گئے مدنی پھول):

ذمہ داران کی طرف سے علاج کیلئے کی جانے والی تصدیقات پر مجلس علاج کو تحفظات ہیں، اکثر یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ ذمہ داران کی طرف سے جن کی تصدیق کی جاتی ہے، بظاہر ان اجیروں کا شرائط پر عمل نہ ہونا مجلس کے ذاتی مشاہدے میں ہوتا ہے، اب مجلس علاج کی طرف سے تمام شرائط کا معیار اور اس پر عمل کی کیفیت کو متعین کر دیا گیا ہے، لہٰذا تصدیق کرنے والے ذمہ داران کی خدمت میں مؤدبانہ عرض ہے کہ مذکورہ شرائط کو پیش نظر رکھ کر ہی تصدیق کی جائے۔ علاج کا تمام تر دارو مدار آپ کی تصدیق پر ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ غلط تصدیقات کی کثرت کے سبب سے علاج کی سہولت

www.dawateislami.net

ہی ختم ہوجائے۔ **ہر ذمہ دار امین ہے!** دانستہ غلط تصدیق کرنا منصب امانت کے منافی ہے، لہذا اگر کسی بھی ذمہ دار سے اس طرح کی تصدیق کا ثبوت ہوا تو شرعی رہنمائی لیکر اس ذمہ دار کو ان کے منصب سے معزول یا مستقل اجارہ فسخ کیا جاسکتا ہے۔

**(5) GP / CONSULTANT ڈاکٹر سے چیک اپ**: شرائط کے حامل اجیر اسلامی بھائی اپنا اور اپنے متعلقین (جن کی جازت ہو) کا علاج کرا سکتے ہیں۔ غیر شادی شدہ کے والدین اور شادی شدہ اجیر کے صرف بیوی بچوں کے علاج کی سہولت ہے۔ بچوں میں لڑکے کی عمر **18** سال تک اور لڑکی کی شادی ہونے تک علاج کی سہولت حاصل ہوگی، جنرل فزیشن ڈاکٹر سے چیک اپ +ادویات کے **300** تک، اور کنسلٹنٹ کے چیک اپ +ادویات کے **500** تک کی ادائیگی کی جائیگی، بلز ہونے کی صورت میں ہر چیک اپ پر **500** تک کے لیبارٹری ٹیسٹ کی بھی ادائیگی کی جائیگی۔

**ڈیلیوری**: نارمل ڈیلیوری کی مد میں **7000** اور آپریشن کی ساتھ **22000** روپے کی ادائیگی کی جائیگی، ادویات و لیبارٹری ٹیسٹ اس میں شامل ہیں۔ ادائیگی کیلئے تمام بلز کا معتبر ہونا ضروری ہے۔

**DNC** اور غیر شرعی لیب ٹیسٹ، پیدائشی ٹیکوں کی ویکسین کورس کی ادائیگی نہیں کی جائیگی۔

**ایمرجنسی علاج اخراجات**: کسی بھی بیماری کا آپریشن، ہسپتال میں داخلہ، ایکسیڈنٹ، انتہائی نگہداشت، ہارٹ اٹیک ہونے کی صورت میں مجلس علاج ہسپتال کے اخراجات کا **50%** تک ادائیگی کرے گی۔ ہسپتال میں استعمال ہونے والی ادویات اور کرائے جانے والے لیب ٹیسٹ اس ادائیگی میں شامل ہونگے۔

**ہیپاٹائٹس اور موذی امراض**: جن شہروں میں **ہیپاٹائٹس** کنٹرول پروگرام تک مجلس علاج کے تحت باآسانی رسائی ہے ان شہروں میں ہیپاٹائٹس کی ویکسین کی ادائیگی نہیں کی جائے گی، ہیپاٹائٹس کے بنیادی ٹیسٹ کی ادائیگی مکمل کی جائیگی۔ ہیپاٹائٹس لیول چیک کرانے والے ٹیسٹ کی ادائیگی مجلس علاج کی اجازت کے بعد کی جائیگی۔ ہیپاٹائٹس اور دیگر موذی امراض جن میں ادویات کا کورس ہوتا ہے، اس کی **50%** تک ادائیگی کی جائیگی۔

## ادائیگی کا طریقہ کار ایک نظر میں:

| MED+OPD | لیب ٹیسٹ | ڈیلیوری نارمل / آپریشن | بڑے آپریشن اور IPD | ایمرجنسی و انتہائی نگہداشت | موذی امراض و **ہیپاٹائٹس** |
|---|---|---|---|---|---|
| 500/300 | ہر OPD پر 500 تک<br>نارمل IPD پر 1500 تک | نارمل ڈیلیوری 7000<br>آپریشن ڈیلیوری 22000 | 50% تک | 50% تک | 50% تک |

www.dawateislami.net

(6) کسی بھی علاج کے اخراجات کی ادائیگی کے لیے لازم ہے کہ اجیر کا کارڈ بنا ہو، شرائط پر عمل مکمل ہو، تمام بلز اور رسیدیں فارم کے ساتھ منسلک ہوں اور علاج، مجلس طبی علاج کی دی گئی پالیسی کے مطابق کروایا گیا ہو۔

(7) کسی بھی علاج کے اخراجات کی ادائیگی اجیر کے اکاؤنٹ میں کی جائیگی (اکاؤنٹ نہ ہونے کی صورت میں جس اجیر یا ذمہ دار کا اکاؤنٹ دیا جائے گا اسکی اجازت اور تفصیل متعلقہ اجیر مجلس طبی علاج کو فراہم کریں گے) جس اجیروں کے اکاؤنٹ ابھی تک نہیں کھلے وہ اپنے شعبہ ذمہ دار کے ذریعے مجلس مالیات سے رابطہ کر کے 31 اگست 2014 لازمی ترکیب بنالیں۔

(8) اپنے علاج اخراجات کی وصولی کیلئے آتے وقت **شناختی کارڈ** کی فوٹو کاپی ضرور ساتھ لائیں، مجلس طبی علاج کی **طے شدہ شرائط** پر مکمل عمل نہ ہونے کی صورت میں جن مہینوں کے علاج اخراجات بل واپس کیے جائیں گے، وہ شرائط مکمل ہونے کے بعد بھی قابلِ ادا نہیں ہوں گے، لہٰذا تصدیق کرتے وقت ذِمہ داران اس کا خاص خیال رکھیں۔

(9) مجلس طبی علاج، سابقہ 3 ماہ تک (شرائط مکمل ہونے اور ذمہ دار کی تصدیق مع تاخیر کی وجہ تحریری صورت میں موصول ہونے پر ان مہینوں) کے علاج اخراجات کی ادائیگی کرے گی، 3 ماہ سے زائد مدت کے پُرانے بلز کی ادائیگی سے مجلس علاج قاصر و عاجز ہوگی لہٰذا کوشش فرما کر اپنے علاج کے اخراجات ہر ماہ یا ہر دُوسرے یا تیسرے ماہ تک لازمی وصول فرمالیں۔

(10) حدیثِ پاک میں ہے "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک، ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذمہ داران شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اِسلامی، حضرت علامہ مولانا ابوبلال **محمد الیاس عطّار** قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العالیہ اور مکتبۃ المدینہ کی دیگر مطبوعہ کتب و رسائل و VCDs وغیرہ کی ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر لنگر (مفت تقسیم) اور فروخت کی ترکیب کرتے رہیں۔ خوشی و غمی (شادی، فوتگی، چہلم و عرس وغیرہ) اور تکلیف و آزمائش (بے روزگاری، بے اولادی و ناچاقی اور بیماری وغیرہ) کے مواقع پر لنگرِ رسائل کی ترغیب دِلانا مفید ہے۔

## (11) ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| | کابینہ | کابینہ ذِمہ دار |
| | کابینات | کابینات سطح پر 3 رکنی مجلس |

| # | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|
| | پاکستان | نگرانِ مجلس (پاکستان) |
| | شوریٰ | رکنِ شوریٰ |

کابینات سطح پر 3 رکنی مجلس ہوگی جس میں ایک کابینات سطح پر 3 رکنی مجلس کے نگران، پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں

www.dawateislami.net

نگرانِ مجلس،ایک اجارہ ذِمہ دار،ایک مالیات ذِمہ دار(**اجارہ ذِمہ دار**:اجیروں کے **کوائف**(Data)جمع کرنا،اجیروں کی **ماہانہ کارکردگی سافٹ وئیر میں** اَپ ڈیٹ کرنا،**علاج کارڈ** بنوانا اور اجیر تک پہنچانا،بوقتِ ضرورت شرائط کی تصدیق کرنا وغیرہ،**مالیات ذِمہ دار**:مجلس طبی علاج کی طرف سے منظور شدہ رقم اجیر کے مشاہرے کے ساتھ پہنچانا،**نگرانِ مجلس**:اجیروں اور شعبہ جات کی طرف سے ملنے والے اخراجات کی تفصیلات کو چیک کر کے اس کا خلاصہ (Summary)مجلس طبی علاج کے مکتب میں بروقت میل کرنا،رقم ٹرانسفر ہونے اور اجیر کو موصول ہونے کی تصدیق(Confirmation)لینا،مدنی پھول (پالیسی):اجیروں تک پہنچانا،اجیروں کو تربیت دینا اور ان کے درپیش مسائل کو نگرانِ مجلس سے حل کروانا،مدنی کورسز،اعتکاف اور تربیتی اجتماعات کے مواقع پر مجلس طبی علاج کا مکتب قائم کرنا،دعوتِ اسلامی کے اجیروں،جامعات و مدارس المدینہ ،دارالمدینہ کے طلبہ کے مختلف ٹیسٹ کروانے کے لیے،فری چیک اپ کے کیمپ لگوانا)مجلس طبی علاج کی پالیسی کے مطابق شرائط کے حامل اجیروں کا **علاج** کروانا،ان کے **کوائف**(Data)جمع کرنا،اجیروں کی **ماہانہ کارکردگی** اَپ ڈیٹ کرنا،علاج کے لئے **اہلِ محبت ڈاکٹروں** کی تفصیلات جمع کرنا،ان سے **ملاقات** کرنا،**علاج کارڈ** بنوانا وغیرہ)

## ﴿12﴾مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 6 | نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار | کابینات | کابینہ ذمہ داران | انفرادی کارکردگی،پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر،ترقی وتنزلی کا جائزہ،اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 7 | رکنِ شوریٰ/ نگرانِ مجلس | ملک | کابینات ذمہ داران | // |

**وضاحت**:**رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**،پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں،ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

**﴿13﴾** مجلس کے ذِمہ داران کا آپس میں رابطہ مضبوط ہونا چاہیے،فون،ایس ایم ایس ملنے کے بعد جیسے ہی وقت ملے فوراً فون کرنے والے سے رابطہ کریں۔

**﴿14﴾نگرانِ مجلس طبی علاج ہر کابینات** کا جدول بنائیں اور ایک کابینات میں 2,3 جگہوں پر تمام اجیروں کو جمع کر کے اس سہولت کے حوالے سے ذِمہ داران کو آگاہ کریں،**کابینات ذمہ داران ہر ہر کابینہ** میں جا کر اس کابینہ کے تمام اجیروں کو جمع کر کے اس سہولت سے آگاہ کریں۔

**﴿15﴾**نگرانِ مجلس طبی علاج اپنے شعبے کے مدنی پھول اور کارکردگی فارم پاکستان انتظامی کابینہ مکتب میں میل کریں گے۔

شعبے کی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوری کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔

**﴿16﴾ مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماھانہ اھداف:** مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگرانِ مشاورت کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، مدنی قافلہ اور مدنی تربیتی کورسز کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش فرمائیں۔

**﴿17﴾ کارکردگی جمع کروانے کی تاریخ:** ❁ کابینہ: 5 ❁ کابینات: 6 ❁ ملک: 7

**﴿18﴾** مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے۔)

**﴿19﴾** پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں۔)

**﴿20﴾** کابینات ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول 19 تاریخ تک اپنے نگران (نگرانِ کابینات) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران (نگرانِ کابینات) اور ذمہ دار کو پیش کرے۔

**﴿21﴾** متعلقہ نگران کی مشاورت سے شعبہ ذمہ داران منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

**﴿22﴾** متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

**﴿23﴾** متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ

www.dawateislami.net

پُرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿24﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ / مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

**﴿25﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ مدنی حلیے کی پابندی کریں، سارا دن سبز عمامہ شریف (تیل لگانے کی صورت میں سر بند بھی)، زلفیں، سُنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک (سفید) کرتا، سامنے جیب میں نمایاں مسواک، ٹخنوں سے اوپر پائنچے رکھنے کا معمول، کنگھی اور سفید چادر کا استعمال کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم دو اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بِلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطاؔر کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر** اور **محبوب** بننے کی سعی جاری رکھے۔ اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ دورانِ مدنی کام و ملاقات امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی بھی ترکیب بنائیں۔

www.dawateislami.net

❁مدنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مدنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مدنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مدنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

**مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾**

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء**: ۲۵ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ / 22 اگست 2014ء

www.dawateislami.net